**23/04/2025**

**07.40 PM**

**آداب**

**یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔**

**اب آپ شبیر الزماں سے خبریں سُنئے**

**پہلے اہم خبروں کی سُرخیوں پر ایک نظر۔**

**ہیڈ لائینز**

***........وزیر داخلہ نے پہلگام دہشت گردانہ حملے کے تناظر میں تازہ سلامتی صورتحال کا لیا جائزہ// نئی دلی میں سلامتی سے متعلق کابینہ کمیٹی کی میٹنگ جاری۔**

***........جموںو کشمیر سرکارنے پہلگام میں مارے گئے شہریوںکے لواحقین کے حق میں فی کس دس دس لاکھ روپے ایکسگریشا ریلیف دینے کا کیا اعلان۔**

***........پہلگام دہشت گرانہ حملے کی بڑے پیمانے پر مذمت //وادی کے مختلف علاقوںمیںحملے کے خلاف احتجاجی ریلیاں۔**

**اور**

***........ سرینگر جموں قومی شاہراہ کئی روز تک بند رہنے کے بعد یکطرفہ ٹریفک کےلئے بحال//800درماندہ گاڑیاں اپنی اپنی منزلوں کی طرف روانہ۔**

**<u>امت شاہ</u>**

**وزیر داخلہ امت شاہ نے آج پہلگام کا دورہ کرکے وہاںبھائیسرن جنگلاتی علاقے میں سیاحوں پر کل ہوئے حملے کے بعد کی صورتحال کا جائزہ لیا۔ انہوںنے گورنمنٹ میڈیکل کالج و اسپتال اننت ناگ جا کر زخمیوں کی عیادت کی۔ ان کے ہمراہ لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا ، وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ اور وزیر صحت سکینہ ایتوکے علاوہ کئی دیگر اعلیٰ افسران بھی تھے ۔ اس حملے میں ایک مقامی نوجوان سمیت26افراد مارے گئے۔**

**اس کے بعدوزیر داخلہ نے پولیس کنٹرول روم سرینگرمیں پہلگام حملے میں مارے گئے سیاحوں کی میتوں پر گل دائرے چڑھا کر انہیں خراج عقیدت ادا کیا ۔**

**ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں وزیر داخلہ نے کہا کہ ملک کبھی بھی دہشت گردی کے سامنے نہیں جھکے گا اور اس حملے کے قصور واروں کو قطعی طور نہیں بخشا جائے گا۔**

**<u>تلاشی</u>**

پہلگام میں سیاحوں پر ہوئے حملے کے بعد علاقے میں بڑے پیمانے پرتلاشی کارروائی جاری ہے اور حملہ آوروں کو ڈھونڈنے کیلئے ڈرونز اور سونگھنے والے کتونکو بھی کام پر لگایا گیا ہے ۔

دریں اثنا پولیس اور انٹلی جنس ایجنسیوں نے اس حملے میں ملوث تین حملہ آوروں کے Sketch جاری کئے ہیں۔

تحقیقات میں جموں کشمیر پولیس کی مدد کرنے کیلئے ،قومی تحقیقاتی ایجنسی کی ایک ٹیم بھی پہلگام پہنچ گئی ہے۔

**<u>CCS</u>**

اس دوران نئی دلی میں سلامتی سے متعلق کا بینہ کمیٹی کی میٹنگ جا ری ہے۔ وزیراعظم نریندر مو دی کی صدارت میں منعقد ہو رہی ہے اس میٹنگ کے دوران پہلگام حملے کے بعد کی صورتحال پر غور خوض کیا جا رہا ہے۔ میٹنگ میں وزیر داخلہ ، وزیر دفاع، وزیر خارجہ اور دیگر سینئر عہدیدار بھی موجود تھے۔

میٹنگ کی تفصیلات کا بھی انتظار ہے۔

**<u>مذمت</u>**

مختلف لیڈروں نے پارٹی وابستگیوں سے بالا تر ہو پہلگام میں ہوئے دہشت گردانہ حملے کی سخت مذمت کی ہے۔

BJP صدر JP نڈا نے عام شہریوں پرہوئے اس حملے کوبزدلانہ حرکت کے مرکزی وزیر اور قرار دیا ہے۔انہوںنے کہا کہ وزیر اعظم نریندر مودی کی سربراہی والی حکومت دہشت گردی کے خلاف زیرو ٹالرنس کی پالیسی پر عمل پیرا ہے اور اس بہیمانہ حرکت میں ملوث قصور واروں کو نہیں بخشا جائے گا ۔

وزیر دفاع راجناتھ اور اطلاعات و نشریات کے وزیر اشونی ویشنو نے بھی حملے کی مذمت کرتے ہوئے سوگوار کنبوں کے ساتھ تعزیت کا اظہار کیا ہے ۔

بہار کے وزیر اعلیٰ اور سینئر JDU لیڈر نتیش کمار ، آندھرا پردیش کے وزیراعلیٰ چندر بابو نائیڈو ، مرکزی وزیر اور LJP(R) کے سربراہ چراغ پاسوان نے بھی اس حملے کی سخت مذمت کی ہے ۔قومی سطح کے جن دیگر لیڈروں نے پہلگام حملے کی مذمت کی ہے ان میں کانگریس صدر ملک ارجن کھرگے،حزب اختلاف کے لیڈر راہل گاندھی،مغربی بنگال کی وزیر علیٰ ممتا بینر جی ،سماج وادی پارٹی کے سربراہ اکلیش یادو اورتمل ناڈو کے وزیر اعلیٰ MK Stalin شامل ہیں۔

## دیگر مذمت

جن دیگر لیڈروں اور تنظیموں نے پہلگام حملے کی مذمت کی ہے ان میں سینئر بی جے پی لیڈر اور جموں وکشمیر وقف بورڈ کی چیرپرسن ڈاکٹر درخشاں اندرابی//سابق مرکزی وزیر سیف الدین سوز// پیپلز کانفرنس کے سینئر نائب صدر عبدالغنی وکیل//کشمیر چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری ، جموں کشمیر ویلفیئر سوسائٹی ، کشمیر ویلی فروٹ گروورس کم ڈیلرس یونین،
کشمیریونیورسٹی، محکمہ سکولی تعلیم کشمیر شامل ہیں۔

## جتندر سنگھ

سائنس اور ٹیکنالوجی کے مرکزی وزیر ڈاکٹر جتندر سنگھ نے آج نئی دلی میں مختلف اداروں کی ایک مشترکہ جائزہ میٹنگ سے پہلے پہلگام دہشت گردانہ حملے کے متاثرین کو خراج عقیدت ادا کرنے کیلئے دو منٹ کی خاموشی اختیار کی ۔

این سی احتجاج

ادھر مقامی سیاسی پارٹیوں اورلیڈروں نے بھی پہلگام دہشت گردانہ حملے کی سخت مذمت کی ہے۔

حملوں کے خلاف نیشنل کانفرنس کے اہتمام سے آج پارٹی ہیڈ کواٹر سے لالچوک تک وزیر اعلیٰ کے مشیر ناصر اسلم وانی کی صدارت میں ایک احتجاجی ریلی نکالی گئی۔

ریلی میں پارٹی کے کچھ دیگرلیڈروں نے بھی شرکت کی ۔

## BJP

ہیڈ کواٹر BJP پہلگام میں مارے گئے شہریوں کو خراج عقیدت ادا کرنے کیلئے آج سرینگرمیں کے صدر ست شرما نے ان ہلاکتوں کی مذمت BJP پر ایک تقریب منعقد ہوئی ۔ اس موقعے پر کرتے ہوئے کہاکہ ان کی پارٹی دہشت گردی کا مقابلہ کرنے کیلئے پر عزم ہے ۔

انہوننے کہاکہ بھارتیہ جنتاپارٹی دکھ کی اس گھڑی میں متاثرہ کنبوں کے ساتھ شانہ بہ شانہ کھڑی ہے۔

کے ایک اور سینئر لیڈر اشوک کول نے BJP اسمبلی میں حزب اختلاف کے لیڈر سنیل شرما اور جموں کشمیر میں قیام امن اور سلامتی کو BJPبھی اس موقعے پر خطاب کیا ۔ انہوں نے کہا کہ یقینی بنانے کیلئے کام کرتی رہے گی ۔

## PDP

کی صدر محبوبہ مفتی نے پہلگام ہلاکتوں کے خلاف سرینگر میں ایک احتجاجی ریلی کی PDP قیادت کی ۔

اس موقعے پر انہوننے کہا کہ قصور واروں کو سخت سے سخت سزا دی جانی چاہئے ۔

## بند

ادھر وادی میں اس حملے کے خلاف آج بند رہاجس کے چلتے بیشتر دکانیں ، بڑے بازار اور مقامی کار خانے بند رہے نیز پبلک ٹرانسپورٹ بھی سڑکو ں سے غائب رہا ۔وادی میں احتجاج کے طور پر تمام پرائیوٹ اسکول بند رہے۔

وادی کے مختلف علاقونمیں پہلگام حملے کے خلاف احتجاج ہوئے۔ احتجاج کرنے والے ،قصور واروں کے خلاف سخت سے سخت کارروائی کا مطالبہ کر رہے تھے ۔

اسی دوران جموں کشمیر کے سرکاری دفاتر میں متاثرین کے ساتھ یکجہتی کے طور پر دو منٹ کی خاموشی اختیار کی گئی۔

## جموں

پہلگام میں دہشت گردانہ حملے کے پیش نظر آج جمونمیں بھی مکمل طور پر بند رکھا گیا۔جموں کشمیر کے مختلف بار کونسلوں نے اس وحشیانہ حملے کی مذمت کی ہے۔

جموں کشمیر ہائیکورٹ بار ایسوسی ایشن نے اسے بے قصور شہریونکو نشانہ بنانے والی بزدلانہ اور غیر انسانی حرکت قرار دیا ہے۔ جموں میں آج عدالتی کام کاج ملتوی رکھا گیا۔

## ہائی کورٹ مذمت

جموں وکشمیر اور لداخ ہائی کورٹ کی سرینگر شاخ میں بھی آج ایک تعزیتی میٹنگ کے دوران پہلگام دہشت گردانہ حملے کی مذمت کر تے ہوئے سوگوار کنبوں کے ساتھ ہمدردی کا اظہار کیا گیا۔

میٹنگ میں کئی جج صاحبان اور عدلیہ سے جڑی دیگر اہم شخصیات نے شرکت کی۔

اُدھر جمونمیں ایڈوکیٹ جنرل کے دفتر میں آج منعقدہ ایک میٹنگ کے دوران پہلگام دہشت گردانہ حملے کی سخت الفاظ میں مذمت کی گئی ۔

## عادل حسین

پہلگام میں دہشت گردانہ حملے میں مارے گئے افراد میں سید پورہ ناگبل ہاپت ناڑ کا ایک مزدور عادل حسین شاہ بھی شامل ہے ۔

اُن کی نماز جنازہ میں وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ ، وزیر زراعت جاویداحمد ڈار ، وزیر اعلیٰ کے مشیر ناصر اسلم وانی اور پہلگام MLA محمد الطاف کلو سمیت کافی تعداد میں لوگوں نے شرکت کی۔

بعد میں ہمارے نمائندے تصدق رشید کے ساتھ بات کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ نے کہا ۔

اسی دوران وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے پہلگام حملے کے پس منظر میں کل سہ پہر تین بجے SKICC سرینگر میں ایک کل جماعتی میٹنگ طلب کی ہے۔

## بریک

یہ خبریں آپ آکاشوانی سرینگر سے سُن رہے ہیں۔

پربھی سماعت کر سکتے ہیں۔ DTH اور AIR خبریںآپ آکاشوانی کے موبائیل اپلیکشن نیوز آن

## ریلیف

جموں کشمیر سرکار نے پہلگام حملے میں مارے گئے شہریوں کے لواحقین کو فی کس دس لاکھ روپے کا ایکس گریشیا ریلیف دینے کا اعلان کیا ہے جبکہ شدید زخمی افراد کو فی کس دو لاکھ اور معمولی طور زخمی افراد کو فی کس ایک لاکھ روپے کی امداد دی جائے گی ۔

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں اس بات کی اطلاع دی ۔ انہوں نے کہا کہ زخمی افراد کو علاج و معالجہ کی بہتر سہولیات فراہم کی جا رہی ہےں جبکہ حکومت نے جاں بحق لوگوں کو با وقار طور اُن کے آبائی علاقوں تک پہنچانے کا بھی انتظام کیا ۔

انہوننے کہاکہ حکومت دہشت گردی کا قلع قمع کرنے کیلئے پر عزم ہے اور اس حملے میں ملوث قصور واروں کو کیفر کردار تک پہنچایا جائے گا۔

## راجناتھ

وزیردفاع راجناتھ سنگھ نے آج نئی دلی میں فوج کی تینوں شاخوں کے سربراہوں کے ساتھ وادی کی موجودہ سلامتی صورتحال کا جائزہ لیا۔ میٹنگ میں موجود بری فوج کے سربراہ جنرل اوپیندر دیویدی ،بحری فوج کے سربراہ ایڈمرل دنیش ترپاٹھی اور ائر فورس کے سربراہ ائر چیف سنگھ نیز کئی دیگر اعلیٰ افسروننے وزیر دفاع کو پہلگام دہشت گردانہ حملے کے AP مارشل تناظر میں موجودہ سلامتی صورتحال کے بارے میں جانکاری دی۔

میٹنگ میں بتایاگیا کہ اعلیٰ افسروں کو متاثرہ علاقے کی طرف بھیج دیا گیا ہے اور مقامی فوجی یونٹوں سے کہاگیا ہے کہ وہ دہشت گرد مخالف کارروائیونمیں تیزی لائیں۔

## ایڈوائزری ائر لائنز

شہری ہوا بازی کی وزارت نے تمام ائر لائنز کیلئے ایک ایڈوائزری جاری کی ہے جس میں پہلگام میں پیش آئے واقعہ کے پیش نظر ائر لائنز سے کہاگیا ہے کہ وہ سرینگرسے ملک کے دیگر مقاما ت تک بلا خلل رابطے کو یقینی بنانے نیز درماندہ مسافروں کو اپنی اپنی ریاستوں تک پہنچانے کیلئے پروازوں کی تعداد میں فوری طور سے اضافہ کریں ۔

ائر لائنز سے مزید کہاگیا ہے کہ وہ سیاحونکی راحت رسانی کےلئے ٹکٹوں کی منسوخی اور ری شیڈولنگ فیس کو معاف کرنے پر بھی غور کریں ۔

**خصوصی ریل**

ادھربھارتی ریلویز نے مسافروں کے بڑھتے رش کے پیش نظر شری ماتا ویشنو دیوی کٹڑہ سے لیکر نئی دلی تک ایک خصوصی ریل سروس چلانے کا فیصلہ کیا ہے ۔

یہ ریل آج شام نو بجکر20منٹ پر کٹڑہ سے دلی کیلئے روانہ ہو گی ۔اس کیلئے کٹڑہ ، ادھمپور اور جموں اسٹیشنوں پر ٹکٹ دستیاب ہوں گے۔

**در اندازی**

سرحدی ضلع بارہمولہ میں کنٹرول لائین کے متصل واقعہ اوڑی نالہ علاقے میں دراندازی کی ایک کوشش کو ناکام بناتے ہوئے فوج نے دودر اندازوں کو مار گرایا ہے۔

یہ جھڑپ آج علی الصبح اس وقت شروع ہوئی، جب بھاری ہتھیاروں سے لیس در اندازوں کے ایک گروپ نے لائن آف کنٹرول کے اس پار آنے کی کوشش کی۔

ادھر جنوبی کشمیر کے کولگام ضلعے میں سکیورٹی فورسز اور ملی ٹینٹوں کے درمیان ایک جھڑپ شروع ہو گئی ہے۔

ضلعے کے ٹنگمرگ علاقے میں جا ری اس جھڑپ کے بارے میں مزید تفصیلات کا انتظار ہے۔

**شاہراہ**

سرینگر جموں قومی شاہراہ تین روز تک بند رہنے کے بعد آج یکطرفہ ٹریفک کیلئے کھول دی گئی۔

ٹریفک نیشنل ہائی وے راجا عادل حمیدنے ہمارے نمائندے خورشید پڈرو کے ساتھ بات SSP کرتے ہوئے کہاکہ رام سو اور رام بن کے درمیان درماندہ 8سو گاڑیوں کو اپنی اپنی منزلوں کی طرف جانے کی اجازت دی گئی۔

**عرس**

وادی میں آج حضرت شیخ داؤدؒ المعروف بتہ مالو صاحب کا سالانہ عرس عقیدت و احترام کے ساتھ منایاگیا۔

اس سلسلے میں ان کے آستان عالیہ واقع بٹہ مالو میں ختمات المعظمات اور درود و اذکار کی مجالس آراستہ ہوئیں۔

## کتب بینی

آج کتب بینی کا عالمی دن ہے ۔ آج کے دن انسان کی دانشمندانہ صلاحیتوں کو تقویت بخشنے نیز علم میں اضافہ کرنے میں کتب بینی کی اہمیت کو اجا گرکیاگیا۔

اس تعلق سے منعقد ہ تقریبات کے دوران اس بات پر زور دیاگیا کہ بچوں اور نوجوانوں میں کتب بینی کا جذبہ پیدا کیاجانا چاہئے ۔

وزارت تعلیم نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں کہاکہ قومی تعلیمی پالیسی 2020کے تحت شروع کی گئی راشٹریہ ای پستکالے پہل سے لوگو ں کو کافی فائدہ حاصل ہوا ہے۔

## لیکچر

وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے دہشت گردی کے خلاف بھارت کی زیرو ٹالرنس پالیسی اختیار کئے جانے کا عزم دہرایا ہے ۔

آج نئی دلی میں بھارتی ائر فورس کے مارشل ارجَن سنگھ سے متعلق ایک یادگاری لیکچر دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ حکومت پہلگام حملے کے ذمہ داروں کو موثر جواب دینے میں کوئی بھی دقیقہ فروگذشت نہیں کرے گی۔

## پولے

پولے نے بڈگام اور نگروٹہ اسمبلی حلقوں کے لوگوں PK جموں کشمیر کے چیف الیکٹورل آفیسر سے کہا ہے کہ وہ 8اپریل کو شروع کئے گئے ووٹرلسٹوں کے اسپیشل سمری رویژن کے تحت ووٹر فہرست میں شامل ہو جائیں ۔

انہوں نے کہا کہ خواہشمند افراد ووٹر لسٹ میں اپنے ناموں کا اندراج ،دعویٰ اور اعتراضات 24اپریل تک پیش کرسکتے ہیں۔

## موسم

محکمہ موسمیات کی پیش گوئی کے مطابق جموں کشمیر کے بالائی علاقوں میں اگلے24گھنٹوں کے دوران چند ایک مقامات پر ہلکی بوندھا باندھی کا امکان ہے۔

سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 24اعشاریہ2ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 8اعشاریہ8ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

جمونمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 37اعشاریہ2ڈگریجبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت21اعشاریہ6ڈگری سیلسیس تھا۔

سرینگر میں کل طلو ع آفتاب صبح5بجکر49 اور

غروب آفتاب شام7بجکر9منٹ پر ہو گا۔

اسکے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلٹن ختم ہوا۔

خبروں کا اگلا بلٹن آکاشوانی سے

کل صبح7بجکر45 منٹ پر کشمیری میں نشر ہو گا۔

ہمیں دیجئے اجازت//خدا حافظ۔

………………………………………………

……………………………..

…………………

……….